Combine Commutative Exam
Provincial Management Services, Punjab-2020
Mock Exam URDU Compulsory

****

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیے ۔(کم از کم ایک ہزار الفاظ) 30 نمبر

مضمون کے آغاز میں خاکہ () ضرور بنائیں

1.پاکستان اور بحالی معیشت کے نئے افق

2.موجودہ وبا اور انسانی رویے

3.مسلئہ کشمیر اور مسلم امہ کا کردار

4.سائنسی دور میں ادب کی اہمیت

سوال نمبر 2: درج ذیل اقتباس کی تلخیص کیجیے، جو اصل عبارت کے ایک تہائی سے زیادہ نہ ہو، تلخیص کا عنوان بھی دیجیے اور فقط ایک عنوان دیجیے۔ 15 نمبر

آج 2020ء میں ہم یہ سمجھتے ہیں کہ متعدد چیلنج ہمیں غور و فکر کیلئے ابھارتے اور اپنا کردار ادا کرنے کے لیے بہترین صلاحیتوں کو اس راہ میں وقف کر دینے کا تقاضا کرتے ہیں۔اب ہمیں کیا کرنا ہے۔ اول‘ یہ کہ ہمیں ہر سطح پر تحریک پاکستان کی روح کو تازہ کرنا اور تعمیر پاکستان کے جذبوں کو نہ صرف اپنے وجود‘ اپنے قول و فعل میں برقی روکی طرح دوڑانا ہے بلکہ نئی نسل اور اہل وطن کو اس بارے میں آگاہ کرنے کے لیے کاوشیں کرنی ہیں

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ملکی تعمیر وترقی اور استحکام کیلئے ہم جہد مسلسل کو اپنا شعار بنائیں، وطن کیلئے اپنا سب کچھ قربان کرنے کا عزم کریناور قومی یکجہتی کی بدولت دشمن کے مذموم عزائم ناکام بنا دیں۔ یوم آزادی کی خوشیاں مناتے ہوئے ہمیں شہدائے تحریک پاکستان اور دفاع پاکستان کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے پاک فوج کے بہادر سپاہیوں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرنا چاہئے جنہوں نے اپنا آج ہمارے کل کیلئے قربان کر دیا تھا۔ دفاع واستحکام وطن کیلئے ہم پاک فوج کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں

سوال نمبر3: درج ذیل جملوں کو اس طرح درست کیجئے کہ جملے کی بنیادی ساخت متاثر نہ ہو۔ 10نمبر

وہ تقریباً پہنچنے کے قریب تھا — میں نے زید کو کہہ دیا تھا

برائے مہربانی میرا قلم دیجیے — میں نے اس کا مشاہدہ کر کے دیکھا

آب زم زم کے پانی میں شفا ہے

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے پانچ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کا مفہوم بخوبی واضح ہو جائے۔ 15نمبر

دال میں کالا ہونا — دن کو تارے نظر آنا — زہر کے گھونٹ پینا

رکاب میں پاؤں رہنا — زمیں پہ پاؤں نہ رہنا

سوال نمبر5: درج ذیل اشعار میں سے صرف تین اشعار کی تشریح کیجیے، تشریح سے پہلے شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 15نمبر

1. یا مجھے افسر شاہانہ بنایا ہوتا
یا مرا تاج گدایانہ بنایا ہوتا

2. پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

3. زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

4.نہ تو زمیں کے لیے ہے نہ آسماں کے لیے
جہاں ہے تیرے لیے تو نہیں جہاں کے لی

سوال نمبر 6: کاٹ چھانٹ سے گریز کرتے ہوئے درج ذیل عبارت کا رواں اردو ترجمہ کیجیے۔ 15 نمبر

The impartiality which, in contemplation, is the unalloyed desire for truth, is the very same quality of mind which, in action, is justice, and in emotion is that universal love which can be given to all, and not only to those who are judged useful or admirable. Thus contemplation enlarges not only the objects of our thoughts, but also the objects of our actions and our affections.